# 2020

## URDU—HONOURS

## Paper : CC-1

## Full Marks : 65

*The figures in the margin indicate full marks.*

*Candidates are required to give their answers in their own words as far as practicable.*

1. درج ذیل سوالات میں سے دس (۱۰) کے جواب دیجئے۔ **2×10=20**

(i) بندیلی کس علاقے میں بولی جاتی ہے؟ اس بولی کے بولنے والے کو کس نام سے پکارا جاتا ہے؟

(ii) ''پنجاب میں اردو'' کس کی تصنیف ہے؟ اور اس کا موضوع کیا ہے؟

(iii) مولانا محمد حسین آزاد کے نزدیک اردو زبان کس زبان سے نکلی ہے؟ اور اس کا علاقہ کون سا ہے؟

(iv) دہلی کالج سے وابستہ ادیبوں میں سے کسی دو کے نام بتائیے۔

(v) شمالی ہند کے دو مشہور صوفیوں کے نام لکھئے۔

(vi) فورٹ ولیم کالج کب اور کہاں قائم ہوا؟

(vii) مغربی ہندی کی دو بولیوں کے نام بتائیے۔

(viii) دبستانِ دہلی سے وابستہ دو مشہور غزل گو کے نام بتائیے۔

(ix) ''اردو زبان کی بنیاد مسلمانوں کے برصغیر میں آنے کے بعد ہوئی''

اس نظریئے کے دو حامیوں کے نام بتائیے۔

(x) انجمنِ پنجاب کب قائم ہوئی؟ اور اس کے ابتدائی جلسوں میں شامل ہونے والے کسی ایک ادیب کا نام بتائیے۔

(xi) دبستانِ لکھنؤ کی دو شعری خصوصیات کا ذکر کیجئے۔

(xii) شمالی ہند کے کسی دو نثر نگاروں کے نام بتائیے۔

2 . درج ذیل سوالات میں سے تین (۳) کے جواب دیجئے۔ 5×3=15

(i) سرسید تحریک سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

(ii) فورٹ ولیم کالج کے ادبی کارناموں کا جائزہ لیجئے۔

(iii) دہلی کالج کے قیام کے مقاصد پر روشنی ڈالئے۔

(iv) ذیل کے اقتباس کا مفہوم مع سیاق وسباق لکھئے۔

''اربابِ ہندی کا سب سے بڑا اعتراض فارسی اور عربی لفظوں کی درآمد کے متعلق ہے لیکن یہ بھی تو دیکھنا چاہئے کہ خود ہندی میں سنسکرت اور برج بھاشا کے کیسے کیسے غریب اور ناموس الفاظ روز بروز بڑھ رہے ہیں۔ عربی اور فارسی الفاظ کی آمیزش تو اردو یا ہندوستانی کی سرشت میں داخل ہے۔ ان میں سے اکثر لفظ خود اردو ہو گئے ہیں۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ نئے نئے الفاظ کا داخلہ جہاں تک ہو سکے روکنا چاہئے۔''

(v) ترقی پسند تحریک پر مختصر نوٹ لکھئے۔

.3 درج ذیل سوالات میں سے تین (۳) کے جواب دیجئے۔ 10×3=30

(i) دکن میں اردو نثر کی ابتداء اور ارتقاء پر روشنی ڈالئے۔

(ii) ''انجمنِ پنجاب'' کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجئے۔

(iii) اردو زبان کے آغاز و ارتقاء سے متعلق مسعود حسین خاں کے نظریئے کا اجمالاً ذکر کیجئے۔

(iv) دبستانِ دہلی کی شعری خصوصیت پر بحث کیجئے۔

(v) اردو زبان و ادب کی ترقی و فروغ میں صوفیائے کرام کی خدمات کو بیان کیجئے۔